An AIChE Technology Alliance
Center for Chemical Process Safety
www.aiche.org/ccps

Process Safety Beacon

http://www.aiche.org/CCPS/Publications/Beacon/index.aspx

Messages for Manufacturing Personnel

This issue sponsored by ioMosaic
www.iomosaic.com

کیا آپ کے الارم واقعی کسی خطرے کی نشاندہی کرتے ہیں؟؟

اکتوبر 2017





آپ نے چرواہے اور بھیڑیے کی کہانی تو سنی ہوگی؟ اس چرواہے نے کئی بار بھیڑیا آگیا! بھیڑیا آگیا! چلاّ کر گاؤں والوں کو بیوقوف بنایا۔ جب کہ حقیقت میں بھیڑیا نہیں آیا تھا۔ کچھ عرصے بعد گاؤں والوں نے اسے نظرانداز کرنا شروع کر دیا۔ ایک دن واقعی بھیڑیا آگیا، جب چرواہے نے گاؤں والوں کو بلانے کے لئے چلاّنا شروع کیا تو سب یہی سوچ کر خاموش ہوگئے کہ اس بار بھی چرواہا اُنہیں بیوقوف بنا رہا ہے اور کوئی اُس کی مدد کو نہ آیا اور یوں بھیڑیا سب بکریاں کھا گیا۔ کچھ انگریزی ورژن کے مطابق تو بھیڑیا چرواہے کو بھی کھا گیا تھا۔ سیفٹی الارم کو نظرانداز کرنے کے ممکنہ نتائج کا جائزہ لیا جائے تو یہ ایک بہتر مثال ہوگی۔

کیا آپ کے پلانٹ پر بھی ایسے ناقابلِ اعتبار سیفٹی الارم ہیں، جو کہ خراب آلات، غلط سیٹ پوائنٹ یا نارمل آپریٹنگ کنڈیشنز کے قریب سیٹ ہونے کی وجہ سے عموماً بج جاتے ہیں؟ تو اگر کبھی کسی اصل ہنگامی صورتحال میں یہ الارم بجے تو کیا آپ اس پر اعتبار کریں گے؟ یا پھر اُس الارم پر کہ جو معمولی پروسس اپسیٹ پر بجا ہو اور جس پر کسی رد عمل کی ضرورت نہ ہو؟ اگر آپ کے آس پاس ایسے کئی الارم بجتے رہتے ہیں تو خدشہ ہے کہ آپ کسی اصل سیفٹی الارم کو نظرانداز کردیں گے۔

امریکی ادارے کیمیکل سیفٹی بورڈ نے ویسٹ ورجینیا میں ایک پلانٹ پر 2010 میں رُونما ہونے والے ایسے ہی ایک واقعے کی تحقیقات کیں، جس میں الارم نظرانداز ہونے کے نتیجے میں عمارت میں کیمیائی پھیلاؤ ہوگیا۔ میتھائل کلورائیڈ، جو ایک زہریلی اور آتش گیر گیس ہے، ایک ریئکٹر کی رپچر ڈسک کے پھٹنے سے وینٹ پائپ میں جانا شروع ہوگئی۔ اس رپچر ڈسک کے پھٹنے پر ایک الارم رکھا گیا تھا جو بج گیا۔ البتہ ماضی میں یہ الارم رپچر ڈسک کہ بالکل ٹھیک ہونے کے باوجود بج جاتا تھا اور اس صورتحال کے پیشِ نظر اس الارم کے آلے کو تبدیل کروایا گیا تھا۔ آپریٹر کو اس آلے کی تبدیلی کا پتا نہیں تھا چنانچہ اُس نے الارم کو غلط سمجھ کر نظرانداز کر دیا۔ ڈرین پائپ کے سوراخ سے میتھائل کلورائیڈ عمارت میں پھیل گئی، عمارت کے اُس حصے میں عموماً لوگ موجود نہیں ہوتے تھے۔ یہ پھیلاؤ پانچ دن تک جاری رہا اور آخر کار ایک گیس ڈیٹیکٹر نے الارم بجا دیا، حالانکہ وہ میتھائل کلورائیڈ کے لئے نہیں لگایا گیا تھا۔ اس عرصہ کے دوران تقریباً 2000 پونڈ میتھائل کلورائیڈ کا اخراج ہوا۔

آپ کیا کرسکتے ہیں؟

- کبھی بھی سیفٹی الارم کو نظرانداز نہ کریں۔ ان سیفٹی الارمز پر رد عمل کا مخصوص طریقہ کار ہونا چاہیے، اور آپ کو ہر حال میں اُس طریقہ کار کی پیروی کرنی چاہیے۔ اس چیز کا یقین کرلیں کہ آپ طریقہ کار کو پوری طرح سمجھتے ہیں اور اُس پر آپ کی تربیت ہوچکی ہے۔
- اگر کسی معمولی پروسس اپسیٹ کی وجہ سے کوئی الارم بار بار یا مسلسل بج رہا ہو تو اُس کے بارے میں انسٹرومنٹ انجینئرز اور انتظامیہ کو مطلع کریں اور اُن کے ساتھ مل کر مسئلے کو حل کریں۔
- اگر کوئی ایسے الارم ہیں کہ جن پر کسی رد عمل کی ضرورت ہی نہیں ہے تو انتظامیہ اور انجینئرز کے ساتھ مل کر اُنہیں ختم کروانے میں اپنا کردار ادا کریں۔
- کسی الارم کا سیٹ پوائنٹ بغیر اجازت تبدیل نہ کریں۔
- اس چیز کا یقین کرلیں کہ الارم کے ڈیزائن، آلات، سیٹ پوائنٹ یا آلارم پر رد عمل کے طریقہ کار میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں اُس کا باریکی سے مینجمنٹ آف چینج کے طریقوں پر عمل کرتے ہوئے جائزہ لیا گیا ہے۔ جس میں اُن تمام لوگوں کی آگاہی اور تربیت بھی شامل ہے جو کہ اُس تبدیلی سے متاثر ہوسکتے ہیں۔

سیفٹی الارم کو کبھی نظرانداز نہ کریں۔ کیا پتا بھیڑیا واقعی آگیا ہو!!

©AIChE 2017. All rights reserved. Reproduction for non-commercial, educational purposes is encouraged. However, reproduction for any commercial purpose without express written consent of AIChE is strictly prohibited. Contact us at ccps_beacon@aiche.org or 646-495-1371.

The Beacon is usually available in Afrikaans, Arabic, Catalan, Chinese, Czech, Danish, Dutch, English, Filipino, French, German, Greek, Gujarati, Hebrew, Hindi, Hungarian, Indonesian, Italian, Japanese, Korean, Malay, Marathi, Mongolian, Persian (Farsi), Polish, Portuguese, Romanian, Russian, Spanish, Swedish, Telugu, Thai, Turkish, Urdu and Vietnamese.

Translated into Urdu by Saffi Ud Din and Muhammad Riaz, Fatima Fertilizer Company Limited, Pakistan.